# سوال

(119) کیا عورتیں مکان کے اندر آپس میں جماعت کرا سکتی ہیں یا نہیں

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک مکان میں کئی عورتیں ہوں، تو نماز فرض کے لیے آپس میں مکان کے اندر جماعت کرا سکتی ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مکان کے اندر عورتیں آپس میں مل کر ایک عورت کو امام بنا کر نماز با جماعت ادا کر سکتی ہیں، اس صورت سے ان کو جماعت کا ثواب مل جائے گا۔ حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی حضرت ام سلمہؓ آپ کے مکان میں کل ازواج مطہرات کو ہمراہ لے کر امامت کرتی تھیں۔ تلخیص الحبیر
مولانا محمد یونس دہلوی (اہلحدیث گزٹ دہلی جلد نمبر ۸ ش نمبر ۳)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## جلد 3 ص 27

## محدث فتویٰ